# بائبل مُقدس کے پیغامات دیکھنا، سیکھنا، اور عمل کرنا۔

پادری فیصل جان: از گریس بائبل چرچ پاکستان

**خُداوند کا کلام ہم سب کے لیے آئینہ ہے،**

**اِس لیے ہم اس میں سے تین باتوں کے بارے میں سیکھے گے۔ دیکھنا، سیکھنا اور عمل کرنا۔**

ہم خُداوند کے کلام میں سے تین باتوں پر غور کر کے خُداوند یسوع مسیح کی زمینی زندگی کے بارے میں سیکھ رہے ہے خُداوند یسوع مسیح کے دل کی خواہش ہے کہ اُس کے شاگرد اُس کی مانند بنے۔ خُدا کا بندہ لوقا طبیب لکھتا ہے کہ شاگرد اپنے اُستاد سے بڑا نہیں ہوتا لیکن جب کامل ہو جائے تو اپنے اُستاد جیسا ہو گا۔ ہم نے خُداوند کے کلام میں سے سیکھا تھا کہ ہم خُدا کی پرستش کس طرح کر سکتے ہیں؟ بائبل مُقدس کو پڑھنے سے، بائبل مُقدس کا مطالعہ کرنے سے، بائبل مُقدس کی تعلیم دینے، بائبل مُقدس کے کلام کی منادی کرنے سے، ہم خُدا کی پرستش کر سکتے ہیں۔ آج ہم خُداوند کے کلام میں سے سیکھیں گے کہ ہم خُدا کے حکموں پر عمل کر کے خُدا کی پرستش کر سکتے ہے۔

## 1- خُدا کے حکموں پر عمل کر کے ہم خُدا کی پرستش کر سکتے ہے۔

آج ہم خُدا کے کلام میں سیکھیں گے کہ خُدا کے دیے ہوئے نظام کی تابعداری کرنا۔ یعنی اُن حکموں پر عمل کرنا جو خُدا نے کلیسیا کو دیے ہے۔

"تم میری مانند بنو جیسا مَیں مسیح کی مانند بنتا ہوں۔ مَیں تمہاری تعریف کرتا ہوں کہ تُم ہر بات میں مُجھے یاد رکھتے ہو اور جس طرح میں نے تمہیں روایتیں پہنچا دیں تم اُسی طرح اُن کو برقرار رکھتے ہو۔ (1- کرنتھیوں 11:2-1)"

کُرِنتھُس کی کلیسیا کو پولُسؔ رسول اس بات کے لیے شاباش دیتا ہے، اس بات کے لیے اُن کا حوصلہ بڑھاتا ہے، اس بات کے لیے اُن کی تعریف کرتا ہے کہ انہوں نے اپنی مسیحی زندگی کے دوران اُن حکموں کو جو یسوعؔ مسیح نے دیے ہے رد نہیں کیا، اُن حکموں پر وہ عمل کرتے ہیں۔ وہ بڑی دلیری سے کہتا ہے کہ میری مانند بنو۔ پولوس رسول کی مانند ہم کیوں بنے؟ پولوس رسول اس لئے کہتا ہے کہ میری مانند بنو، کیونکہ وہ اپنی زندگی مسیح کی مانند گزارتا تھا۔ جب ہم پولوس رسول کی زندگی کا مطالعہ کرتے ہے تو وہ چاہتا ہے کہ جیسے میں نے مسیح کے لئے اپنی زندگی کو بدلا ہے ویسے ہم بھی اپنی زندگی کو بدلے۔ پولُسؔ رسول کہتا ہے کہ جیسے میں نے اپنی زندگی سے، بدن سے، روح سے مسیح کے نام کو جلال دیا ہے تم بھی ویسا ہی کرو۔ پولُسؔ رسول نے منادی کرنے میں کنجوسی نہ کی، اُس نے گواہی دینے میں شرمندگی محسوس نہ کی،

اُس نے دُکھ سہنے سے دریغ نہ کیا۔سو پولوسؔ کی مانند بننے سے مُراد ہے کہ ہم اُس کے نقشِ قدم پر چلے،اور یہی بات وہ کرنتھس کی کلیسیا کو سکھا رہا ہے اور اُس نے اُن کی تعریف کی ۔میں یہ چاہتا ہو کہ ہم پولوسؔ رسول کی زندگی کو اُس کی تعلیمات کو دیکھے،سیکھے اور اُس کو اپنی زندگی میں استعمال کرنے کی کوشش کرے۔اور ہم پر یہ فرض ہے کہ ہم اُس کے احکام کو مانیں جو اُس نے دوسرے لوگوں کو سکھائے۔جب کلیسیا میں کوئی بِدت،کوئی نئی بات جو خُدا کے کلام کے آئینہ کے مطابق نہیں ہے،تو میں پولوسؔ رسول سے سیکھتا ہو کہ اس بِدت کو کیسے ختم کرنا ہے ۔میں پولوس رسول سے پوچھتا ہوں کہ خُداوند کے بندہ مجھے بتا کہ کلیسیا میں جو یہ بِدت ہے،جو یہ غلط تعلیم ہے،لڑائی جھگڑا ہے اس کو کیسے ختم کیا جائے ،تو وہ مجھے سکھاتا ہے۔دو بڑے حکم ایسے ہے جن کو ہم نے کبھی نہیں بھولنا۔جن میں سے پہلا یہ ہے۔

## 2- عشائی ربانی

" کونکہ یہ بات مُجھے خُداوند سے پہنچی اور میں نے تم کو بھی پہنچادی کہ خُداوند یسوع نے جس رات وہ پکڑوایا گیا روٹی لی اور شکر کرکے توڑی اور کہا کہ یہ میرا بدن ہے جو تمہارے لئے ہے۔میری یادگاری کے واسطے یہی کیا کرو،اسی طرح اُس نے کھانے کے بعد پیالہ بھی لیا اور کہا یہ پیالہ میرے خُون میں نیا عہد ہے۔جب کبھی پیو میری یادگاری کے لئے یہی کیا کرو، کیونکہ جب کبھی تم یہ روٹی کھاتے اور اِس پیالے میں سے پیتے ہو تو خُداوند کی مَوت کا اِظہار کرتے ہو،جب تک وہ نہ آئے۔

(1- کرنتھیوں 11:25-23)"

آج بہت سے چرچز جو یسوعؔ مسیح سے کہتے ہے کہ ہم یسوع مسیح کے ماننے والے ہے لیکن وہ اس حکم کو رد کرتے ہے وہ عشائی ربانی کی رسم کو اہمیت نہیں دیتے۔ہمیں بھی یہ بات سوچنے کی ضرورت ہے کہ جب ہم یسوع مسیح کی حضوری میں کھڑے ہو تو یسوع مسیح ہماری تعریف کرے۔کہ تم نے میرے سب احکاموں کو مانا ہے۔سو پہلا حکم ہے کہ ہم عشائی ربانی کی رسم کو کبھی بھی نہ بھولے،اگر مسیحیت میں سے عشائی ربانی کو نکال دیں تو پھر ہم کس کی یادگیری منائے گے؟ جب ہم روٹی کو توڑتے ہے اور اُس پیالے میں سے پیتے ہے تو ہم مسیح کی موت کا اظہار کرتے ہے،جب تک مسیح دوبارہ واپس نہیں آتا۔اگر مسیحیت میں سے ہم یسوع مسیح کی موت اور مسیح کے جی اُٹھنے کو نکال دے تو پھر ابھی نجات کا کامکمل نہیں ہو،جیسے بہت سی قومیں،بہت سے لوگ یقین کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یسوع مسیح نہیں مرا،اُس کی جگہ پر کوئی اور صلیب پر تھا یہ غلط تعلیم ہے اگر ہم یونانی تاریخ کو پڑھے تو وہ ہمیں بیان کرتی ہے کہ وہ مرا۔

اگر ہم رومیوں کو پڑھے تو وہ بیان کرتے ہیں کہ ہم نے طریقہ بتایا کہ کس انسان کو اتنا دُکھ دینا ہے کہ اُس کی جان سسک سسک کر نکلے یہ طریقہ رومیوں نے یہودیوں کو بتایا تھا۔یہودیوں نے جب یسوع کو صلیب دیا تو رومیوں نے اُن کو بتایا کہ کس طرح یسوع کو صلیب دینا ہے،کس طرح یسوع کے نیزہ مارنا ہے،کس طرح اُس کے ہاتھوں کو چھیدنا ہے۔جب میں اُس قبر میں گیا جس قبر میں یسوع کو رکھا گیا تھا اُس قبر میں جو خاص بات تھی کہ وہ قبر بالکل خالی تھی۔

اس لئے اگر ہم مسیحیت میں سے اُس کی موت اور مُردوں میں سے جی اُٹھنے کو نکال دے تو ہماری مسیحی زندگی کسی کام کی نہیں۔ اگر ہم مسیح کی موت اور جی اُٹھنے کا اظہار نہیں کریں گے تو ہماری فتح کہا کی ہے، پھر اُس پیغام کا کیا فائدہ جس کے لیے پولوس رسول کہتا ہے کہ اے موت تیرا ڈنگ کہا پھر ہمارے لئے کوئی اُمید نہیں اس لیے مسیحی ہوتے ہوئے، چاہے کوئی بشپ، یا پھر آسمان کا فرشتہ آ کر آپ کو کہے کہ آپ نے عشائی ربانی کی رسم میں حصہ نہیں لینا تو وہ غلط ہے آپ نے نہ ہی اُس انسان کی اور نہ ہی اُس فرشتہ کی تابعداری کرنی ہے صرف اور صرف یسوع کی تابعداری کرنی ہے،

اس لیے پولوس رسول کہتا ہے کہ میں تمہاری تعریف کرتا ہوں تم مُجھے یاد رکھتے ہو جس طرح میں نے تمہیں روایات پہنچائیں۔ پولوس رسول نے بہت سی روایات دی، کہ خاوند اور بیوی دونوں کو خُدا کے حضور ایک ہونے کی ضرورت ہے۔ اسی طرح ہمیں اس بات پر بھی ایمان رکھنے کی ضرورت ہے کہ خُداوند یسوع مسیح زندہ آسمان پر اُٹھایا گیا کیونکہ جب یسوع مسیح زندہ آسمان پر اُٹھائے گئے تو اُس وقت یسوع کے شاگرد پہاڑ پر کھڑے تھے۔ سو ہمیں عشائی رُبانی کو رد نہیں کرنا جیسے اُن لوگوں نے کیا کہ خُدا کے کلام کی بے حُرمتی کرنے لگے۔ اور پولوس رسول کہتا ہے کہ اُس کلیسیا میں بہت سے لوگ بیمار ہو گئے، بہت سے لوگ مر گئے جب اُنہوں نے یسوع کے حکم کی بے حُرمتی کی۔

سو ہمیں عشائی ربانی کو نہیں بھولنا اسے سیکھنا ہے اسے سمجھنا ہے اور اس پر عمل کرنا ہے اور ہم نے دوسروں کو بھی بتانا ہے کہ یسوع مسیح ہمارے لئے اس دنیا میں آیا، دفن ہوا، اور تیسرے دن مُردوں میں سے جی اُٹھا اور ہم نے اِس رسم یعنی عشائی ربانی کو کبھی نہیں بھولنا بلکہ جب تک یسوع مسیح نہیں آتا تب تک اس میں شرکت کرنی ہے اور دوسرے ایمانداروں کو بھی سکھانا ہے۔

آمین !!!!

پیغام: ................ (انجیل کا قرضدار) پادری فیصل جان

مسیج ٹائپر: ............ (بائبل کا طالبِ علم) شیراز لطیف

گریس بائبل چرچ پاکستان

خُدا کے کلام کو مزید سیکھنے کے لیے وزٹ کریں ہماری ویب سائٹ

www.gbcpakistan.org